رب (پالنہار) کا مطلب

اللہ . . . لفظی اعتبار سے میٹھا، معنوی اعتبار سے جاذب نام ہے، اس کا معنی معبودیت، تعلق و لگاؤ، محبت، یکتا، لائقِ پرستار اور اخلاص ہے . . . کیا ہی بڑا نام ہے اللہ!

رب: بے مثال آقا و سردار کا نام ہے، مخلوق پر اپنی نعمتوں کو نچھاور کرتے ہوئے ان کے معاملات کو سدھارنے والے اس مالک کا نام ہے جس کے قبضہ قدرت میں ساری مخلوقات کی تخلیق و تدبیر ہے۔ لفظِ رب مخلوق پر اضافت کے بغیر نہیں بولا جاسکتا، جیسے گھر کا رب، یا مال کا رب، یعنی گھر کا یا مال کا مالک۔

{رہی اللہ ہے پیدا کرنے وجود بخشنے والا، صورت بنانے والا۔}(الحشر: ٢٤)

جہاں تک اضافت کے بغیر استعمال کی بات ہے، تو یہ صرف اللہ تعالی کے لئے ہی بولا جاسکتا ہے۔

وہ اللہ خالق، پروردگار، اور صورتیں ڈھالنے والا ہے، جس نے ساری کائنات کو وجود بخشا، انہیں بے مثال شکل میں پیدا کیا، اپنی حکمت سے انہیں موزوں شکل عطا کی، اور اپنی دانائی و بزرگی سے انہیں اچھی صورت میں پیدا کیا۔ وہ اللہ ہمیشہ ہمیش کے لئے اپنے اندر یہ مذکورہ اوصاف رکھتا ہے۔